ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پری سیزن فٹنس، فیلڈنگ کیمپ اور پاکستان شاہینز کا تربیتی کیمپ

- **پاکستان شاہینز کا دورہ ڈارون، جیسن گلیسپی ہیڈ کوچ ہونگے**

لاہور22جون2024:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے پری سیزن فٹنس اور فیلڈنگ کیمپ اور پاکستان شاہینز کے ٹریننگ کیمپ کی تفصیلات کا اعلان کر دیا ہے جو کراچی کے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر میں لگایا جائے گا۔

پری سیزن کیمپ میں 25 کرکٹرز شرکت کریں گے اور یہ 24 جون سے 7 جولائی تک جاری رہے گا۔ ان پچیس کھلاڑیوں کو مختصر کرکے 15 رکنی پاکستان شاہینز اسکواڈ میں تبدیل کر دیا جائے گا جو 8 سے 13 جولائی تک تربیتی کیمپ میں ڈارون آسٹریلیا کے دورے کی تیاری کرے گا۔

پاکستان شاہینز 14 جولائی سے 18 اگست تک ڈارون کا دورہ کرے گی۔

ڈارون میں پاکستان شاہینز بنگلہ دیش اے کے خلاف دو چار روزہ میچز کھیلے گی جبکہ 50 اوورز کے دو میچز ناردن ٹیریٹری اور بنگلہ دیش اے کے خلاف کھیلے گی اس کے علاوہ وہ نو ٹیموں کی ٹاپ اینڈ ٹی 20 سیریز میں بھی شرکت کرے گی۔

پاکستان کے ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی 8 سے 13 جولائی تک پاکستان شاہینز کے تربیتی کیمپ کی نگرانی کریں گے اور ٹیم کے ہیڈ کوچ کے طور پر ڈارون بھی جائیں گے۔ وہ 29 جولائی کو بنگلہ دیش اے کے خلاف دوسرے چار روزہ میچ کے بعد پاکستان واپس آجائیں گے یہاں انہیں بنگلہ دیش کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں میں اپنی ذمہ داری سنبھالنی ہے۔

پری سیزن فٹنس اور فیلڈنگ کیمپ کی نگرانی محمد مسرور کریں گے جو اسسٹنٹ کوچ اور منیجر کے طور پر ڈارون جائیں گے۔
عبدالرحمن وائٹ بال ہیڈ کوچ کے طور پر 28 جولائی کو ڈارون میں دو ون ڈے اور ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے پاکستان شاہینز کو جوائن کریں گے۔

قومی ٹیم کے کھلاڑی جو اس وقت برطانیہ میں کرکٹ کھیل رہے ہیں اور وہ کھلاڑی جو آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2024 میں کھیلے ہیں انہیں پری سیزن کیمپ سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

قومی سلیکشن کمیٹی کے اعلان کردہ پری سیزن فٹنس اور فیلڈنگ کیمپ کے لیے کھلاڑی یہ ہیں: عبداللہ شفیق، فیصل اکرم، حسیب اللہ، حنین شاہ، امام الحق، محمد عرفان خان، کامران غلام، کاشف علی، خرم شہزاد، مہران ممتاز، محمد حارث، محمد حریرہ، وسیم جونیئر، مبصر خان، عمیر بن یوسف، صاحبزادہ فرحان، ثمین گل، سرفراز احمد، سعود شکیل، شاہنواز دھانی، طیب طاہر، عمر امین، عثمان قادر اور زاہد محمود۔

اگلے ہفتے کیمپ میں مزید ایک کھلاڑی کو شامل کیا جائے گا۔

پاکستان شاہینز کے کھلاڑی یہ ہیں- حسیب اللہ، حنین شاہ، محمد عرفان خان، کامران غلام، کاشف علی، خرم شہزاد، مہران ممتاز، محمد حریرہ، مبصر خان، عمیر بن یوسف، صاحبزادہ فرحان، شاہنواز دھانی، طیب طاہر اور عمر امین۔ کپتان اور ایک اور کھلاڑی کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

پلیئر سپورٹ اسٹاف۔ جیسن گلیسپی (ریڈ بال میچوں کے ہیڈ کوچ 8 سے 13 جولائی تک کیمپ کی نگرانی بھی کریں گے) عبد الرحمان (وائٹ بال میچز کے لیے ہیڈ کوچ اور 28 جولائی کو ٹیم جوائن کریں گے) محمد مسرور (اسسٹنٹ کوچ کم مینیجر اور کیمپ کمانڈنٹ 24 جون سے 7 جولائی تک) محمد اسد (فزیو تھراپسٹ) عمران اللہ (ٹرینر) اور عثمان ہاشمی (انالسٹ)

ڈارون کے دورے کے بارے میں:

یہ لگاتار دوسرا سال ہے جب پاکستان شاہینز ڈارون سیریز میں شرکت کرے گی۔ پچھلے سال پاکستان شاہینز نے چھ ٹیموں کی ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں حصہ لیا تھا جس کے بعد اس نے پاپوا نیو گنی اور این ٹی اسٹرائیک کے خلاف 50 اوور کے میچ کھیلے تھے۔ این ٹی اسٹرائیک نے ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے فائنل میں شاہینز کو 46 رنز سے شکست دی تھی جبکہ 50 اوورز کے میچوں میں پاکستان شاہینز نے پی این جی کو 224 رنز اور ناردن اسٹرائیک کو 84 رنز سے شکست دی تھی۔

اس دورے کے دو چار روزہ میچز دوطرفہ سیریز کا حصہ ہیں، جس کی میزبانی ناردن ٹیریٹری کرکٹ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (BCB) کی جانب سے کر رہی ہے۔ پی سی بی اگست میں بنگلہ دیش ٹیم کی میزبانی اپنے یہاں کرنے والا ہے۔

پی سی بی کے ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ عثمان واہلہ کا کہنا ہے میں پاکستان شاہینز کو دوسرے لگاتار سال کے لیے مدعو کرنے پر ناردن ٹیریٹری کا شکر گزار ہوں۔ پچھلے سال کھلاڑیوں نے ایک یادگار تجربہ کیا اور پرجوش کرکٹ شائقین کے سامنے بہترین پلیئنگ کنڈیشنز میں کھیلنے اور پرفارم کرنے کا لطف اٹھایا۔ اس سال ہم نے اپنے کرکٹرز کو مزید مواقع دینے کے لیے ریڈ بال کرکٹ میچز شامل کیے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ کھلاڑی اس دورے سے فائدہ اٹھائیں گے اور بہتر کرکٹرز کے طور پر واپس آئیں گے۔

دورے کا شیڈول (ڈارون میں تمام میچز)

14 جولائی ڈارون میں آمد۔

19-22 جولائی–چار روزہ بمقابلہ بنگلہ دیش اے۔

26-29 جولائی–چار روزہ بمقابلہ بنگلہ دیش اے

4 اگست–50 اوورز کا میچ بمقابلہ ناردن ٹیریٹری۔

6 اگست–50 اوورز کا میچ بمقابلہ بنگلہ دیش اے

9-18 اگست–نو ٹیموں کی ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners